**Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions – 10

No. of Printed Pages – 7

# S — 72 — Urdu (T.L.)

## SECONDARY EXAMINATION, 2015

## URDU

( Third Language )

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ کے لئے ہدایات :

i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

1. مندرجہ ذیل اقتباسات نثر میں سے کسی **ایک** اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کے تحریر کریں:  5

(الف) تعلیم حاصل کرنے کے لیے امبیڈکر کو کئی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مگر ان کے دل میں علم حاصل کرنے کا شوق اور محنت کا جذبہ تھا، اس لئے وہ آگے ہی بڑھتے گئے۔ آخر کار اعلیٰ تعلیم کے لئے انہیں انگلستان جانے کا موقع مل گیا۔ انگلستان سے واپسی کے بعد ڈاکٹر امبیڈکر نے ملک سے چھوٹ چھات اور ذات پات کی تفریق مٹانے کے لیے کوششیں شروع کر دیں۔ چھوت چھات کی اس لعنت نے ملک کو کافی نقصان پہنچایا۔ اس کی وجہ سے ملک کا ایک بڑا طبقہ غربت اور جہالت کا شکار رہا۔

(ب) یوں تو وزیر اپنی کار میں بیٹھا کچھ لوگوں سے گفتگو کر رہا ہے۔ لیکن بے چینی سے بار بار گھڑی دیکھ رہا ہے۔ کیوں کہ کسی غیر ملکی وفد سے ملنے کا وقت قریب آ رہا ہے۔ اس کی سمجھ میں یہ نہیں آ رہا ہے کہ آگے سے راستہ اس طرح بند کیوں ہو گیا ہے۔ اس کا ڈرائیور گھبرایا ہوا بار بار کار سے اترتا ہے، کچھ دور جا کر دیکھ کر آتا ہے اور پھر مایوس ہو کر گاڑی میں بیٹھ کر انتظار کرنے لگتا ہے۔ وہ لوگ جو کار میں بیٹھے وزیر سے باتیں کر رہے ہیں، دل ہی دل میں خوش ہیں کہ راستہ بند ہونے کی وجہ سے کار کھڑی ہے اور انہیں وزیر کے سامنے اپنی بات رکھنے کا پورا پورا موقع مل رہا ہے۔

2. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب مختصراً تحریر کیجئے:  5 × 1 = 5

(i) اکبر، رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہو گیا؟

(ii) رضیہ نے ''میر آخور'' کا عہدہ کسے دیا؟

(iii) سرائے والا مزدور سے کیوں جھگڑا کر رہا تھا؟

(iv) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

(v) ''بریل'' ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا؟

3. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تفصیل سے لکھیں: 2 × 3 = 6

(i) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی ؟

یا

پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط پڑھنے کے بعد کیا کیا ؟

(ii) انٹرنیٹ کس طرح کام کرتا ہے؟

یا

اونتی نے آسمان میں کتنے تارے بتائے ؟

4. مندرجہ ذیل اقتباسات نظم میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کریں۔ شاعر اور نظم کا نام بھی لکھیں : 5

(الف) جو اور کا اونچا بول کرے تو اُس کا بول بھی بالا ہے

اور دے پٹکے تو اُس کو بھی پھر کوئی پٹکنے والا ہے

بے ظُلم وخطا جس ظالم نے مظلوم ذبح کر ڈالا ہے

اس ظالم کے بھی لہو کا پھر بہتا ندی نالا ہے

کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے

اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

یا

(ب) قدم اُٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں

نِری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں

جو تو بڑا ہے، تو مجھ سا ہُنر دکھا مجھ کو

یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو

نہیں ہے چیز نِکمّی کوئی زمانے میں

کوئی بڑا نہیں قدرت کے کارخانے میں

5. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تحریر کریں: 5 × 1 = 5

(i) نظم ''قدم بڑھاؤ دوستو'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(ii) ''مٹی سے بیل بوٹے، کیا خوش نما اُگائے'' یہ مصرعہ کس نظم کا ہے ؟

(iii) ذوقؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(iv) مرزا غالبؔ کا پورا نام کیا ہے؟

(v) چڑیاں کس کی تسبیح کرتی ہیں؟

6. مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھیں: 2 × 3 = 6

(i) ڈاکٹر علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ ان کے کسی ایک مجموعہ کا نام لکھیں۔

**یا**

غزل کی تعریف کرتے ہوئے آپ کے نصاب میں شامل دو غزل گو شاعروں کے نام لکھئے۔

(ii) بے چینی کے عالم میں شاعر میر تقی میرؔ پر کیا بیت رہی تھی ؟

**یا**

''قدم بڑھاؤ دوستو!'' میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

7. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔ 8 × 3 = 24

(i) فعل معروف کی تعریف تحریر کریں۔

(ii) مندرجہ ذیل محاوروں میں سے صرف تین کے معنی لکھیں اور ان کا جملوں میں استعمال کریں:

(۱) آگ بگولہ ہونا (۲) اپنا راگ الاپنا (۳) بال بال بچنا

(۴) پگڑی اچھالنا۔

(iii) مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیں:

(۱) ادب (۲) چلن (۳) جال۔

(iv) مندرجہ ذیل الفاظ کے مترادف یا متضاد الفاظ لکھیں :

(۱) پانی (۲) خدا (۳) اول۔

(v) مندرجہ ذیل الفاظ کے واحد بنائیں:

(۱) اخبار (۲) باغات (۳) عوام۔

(vi) مندرجہ ذیل الفاظ کے مذکر بنائیں:

(۱) گائے (۲) بہن (۳) شاعرہ۔

(vii) مندرجہ ذیل رموز واوقاف کے نام کے سامنے ان کی علامت لکھیں :

(۱) سکتہ (۲) واوین (۳) قوسین۔

(viii) مندرجہ ذیل مرکب اضافی میں مصناف اور مصناف الیہ کو الگ الگ بتائیں:

(۱) چشمۂ کہسار (۲) شاہد کا گھر (۳) گلاب کا پھول۔

.8 مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالوں کے جواب تحریر کیجئے : 4 × 2 = 8

''بہت سی عظیم ہستیاں ہندوستان میں پیدا ہوئیں جن کے نام ان کے عظیم کارناموں یا ملکی خدمات کی وجہ سے ہمیشہ رہیں گے۔ مثلاً مہاتما گاندھی، ابوالکلام آزاد، جواہر لال نہرو، سرسید احمد خاں وغیرہ ایسی سینکڑوں ہستیاں گلستانِ ہند کے خوشنما پھول کی مانند ہیں۔ ان میں پنڈت جواہر لال نہرو کی شخصیت بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے نہ صرف ہندوستان کو غلامی کی لعنت سے نجات دلائی ہندوستانی عوام کو سائنسی ذہن اور سوچ سمجھ کر عملی قدم اٹھانے کی طاقت بخشی، جس وقت ہندوستان کو آزادی نصیب ہوئی اس وقت ملک کے اندر غریبی، جہالت، پستی، نفرت، چھوت چھات، بے روزگاری اور فاقہ کشی جیسے مسائل درپیش تھے۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کا مُناسب عنوان لکھیں۔

(ii) اقتباس میں آئے قومی رہنماؤں کے نام لکھئے۔

(iii) پنڈت جواہر لال نہرو نے عوام کے لئے کیا کیا؟

(iv) آزادی کے وقت ملک کی حالت کیسی تھی؟

.9 اپنے دوست کی سالگرہ پر اسکو مبارک باد کا خط تحریر کیجئے۔ 8

**یا**

اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو چار دن کی چھٹی کے لئے ایک درخواست تحریر کیجئے۔ جو بڑے بھائی کی شادی میں شرکت کرنے کے لئے ہو۔

10. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** عنوان پر تقریباً سو الفاظ میں مضمون لکھیں۔ ساتھ میں دیے گئے اشاروں کو بھی استعمال کریں: 8

منشی پریم چند/کسی میلے کی سیر/تاج محل

(i) **منشی پریم چند**

اشارات:

حالات زندگی

لکھنے کا شوق

مشہور افسانے اور ناول

ان کی زبان

(ii) **کسی میلے کی سیر:**

اشارات:

مخصوص قسم کے میلے

بے شمار دوکانیں

سرکس، جھولے

مجمع

(iii) **تاج محل:**

اشارات:

تعمیر

خوبصورتی

چاندنی رات

باہر کے ملکوں کے لوگوں کا لگاؤ۔